بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبرص اب (س)/2018/2/

مورخہ 13 اگست 2021ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر 118**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 12 اگست 2021ء میں پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر 118 منجانب جناب ثناء اللہ بلوچ، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ ومزید کارروائی ارسال خدمت ہے

﴿قرارداد﴾

ہرگاہ کہ بلوچستان کے عوام، سیاسی قائدین، طلباء، صحافی و بالخصوص وکلاء برادری نے آئین وقانون کی بالادستی کے لئے ناقابل فراموش قربانیاں دی ہیں۔ مورخہ 08 اگست 2016 کو بلوچستان کے وکلاء برادری پر ایک بزدلانہ حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں صوبہ کے 57 ممتاز اور مایہ ناز سینئر وکلا کو شہید کیا گیا۔ وکلاء کے اس اجتماعی قتل عام کے خلاف عدالت عظمٰی پاکستان نے ایک کمیشن قائم کیا جس نے اس قومی سانحہ کے تمام پہلوؤں کا بغور جائزہ لے کر اس سے متعلق اہم سفارشات مرتب کیں۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ ان سفارشات پر من وعن عملدرآمد کو صوبائی اور وفاقی سطح پر بلاتعطل یقینی بنانے کے لئے عملی اقدامات اٹھائے۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ
۳) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری، محکمہ داخلہ وقبائلی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۴) جناب سیکرٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۵) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

13/08/2021

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner